DUA · ACTS & SUPPLICATIONS IN SEVEN CHAPTERS

Tasbeeh'e Fatema Zahra (s)

تسبیح فاطمہ زہرا (ع)

The traditions, reported from the Holy Imams (a) about the merit of Tasbeeh Zahra (s), are too many to be counted. Imam Sadiq (a) is reported to have said, "We order our boys to do Tasbeeh Zahra (s) in the same effect that we order them to perform the obligatory prayers. Hence, you should abide by it, because misery will never find a way to a servant who constantly says it." According to validly reported traditions, the "frequent remembrance" that is mentioned and ordered in the Holy Qur'an indicates Tasbeeh Zahra (s); therefore, whoever abides by it will have remembered Almighty Allah frequently and carried out the order decreed in this holy verse...

اس کی فضیلت میں بے حدّ و حساب احادیث وارد ہوئی ہیں حضرت امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں ہم اپنے بچوں کو حضرت زہراؑ کی تسبیح کا حکم بھی ویسے ہی دیتے ہیں جس طرح نماز کا حکم دیتے ہیں لہذا اسے کسی حال میں بھی ترک نہ کرو۔ جو شخص پابندی کے ساتھ جناب زہراؑ کی تسبیح پڑھتا ہے وہ کبھی بدبخت اور شقی نہیں ہوگا۔ معتبر روایات میں وارد ہوا ہے کہ قرآن مجید میں خداوند عالم نے جس ''ذکر کثیر'' کا حکم دیا ہے وہ تسبیح حضرت زہراؑ ہے۔ چنانچہ جو شخص ہر نماز کے بعد حضرت زہراؑ کی تسبیح پڑھتا ہے وہ ذکر کثیر کرتا اور خدا کو بہت یاد کرتا ہے۔ گویا وہ اس آیتِ مجیدہ میں موجود حکم پر عمل پیرا ہوتا ہے۔۔۔

فَاذْكُرُوا اللهَ ذِكْرًا كَثِيْرًا۔

FAZKUROO ALLAAHA ZIKRAN KATHEERAA.

Remember Allah much.

اللہ تعالیٰ کو بہت یاد کیا کرو۔

Free to read, copy and share

Through a valid chain of authority (sanad), Imam Baqir (a) is reported to have said, “Whoever glorifies Almighty Allah with the doxology (Tasbeeh) of Fatema (s) and then ends it with imploring Almighty Allah’s forgiveness, Almighty Allah will forgive him. This doxology is 100 (words) with tongues, but 1000 (rewards) in the Scale. It also dismisses Satan and pleases the Lord.” Through an authentic (sahih) chain of authority, Imam Sadiq (a) is reported to have said, “Whoever glorifies Almighty Allah with the doxology (Tasbeeh) of Fatema (s) before he extends his legs after an obligatory prayer, Almighty Allah will forgive him and Paradise will be absolutely decided for him.” Through another valid (motabar) chain of authority, Imam Sadiq (a) is reported to have said, “The doxology of Fatema Zahra (s) subsequent to every obligatory prayer is dearer to me than offering 1000 units of prayer every day.” According to another validly reported tradition, Imam Baqir (a) is reported to have said, “No statements of glorification and adoration through which Almighty Allah is worshipped can be better than the doxology of Fatema (s). If there had been anything better than this, the Holy Prophet (s) would certainly have given it to Fatema (s).” In conclusion, the traditions about the merits of Tasbeeh Zahra (s) are too numerous to be all mentioned here.

معتبر سند کے ساتھ امام محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ جو شخص حضرت فاطمہ زہراؑ کی تسبیح پڑھنے کے بعد استغفار کرے گا تو اللہ تعالیٰ اسے بخش دے گا۔ زبان پر تو اس تسبیح کے ۱۰۰ الفاظ لانا ہوتے ہیں لیکن میزان عمل میں ۱۰۰۰ کے برابر ہیں اسی سے شیطان دور ہوتا ہے اور رحمان راضی ہوتا ہے۔ امام جعفر صادقؑ سے صحیح اسناد کے ساتھ مروی ہے کہ جو شخص نماز کے بعد اپنے پائوں کو نماز کی کیفیت سے ہٹانے سے پہلے حضرت فاطمہ زہراؑ کی تسبیح پڑھے تو اس کے گناہ معاف ہوجاتے ہیں اور جنّت اس کیلئے واجب ہوجاتی ہے ایک اور معتبر حدیث میں فرماتے ہیں کہ میرے نزدیک ہر نماز کے بعد حضرت فاطمہ زہراؑ کی تسبیح پڑھنا، روزانہ ۱۰۰۰ رکعت نماز پڑھنے سے بہتر ہے۔ معتبر روایات کے مطابق حضرت امام محمد باقرؑ سے مروی ہے کہ جناب زہراؑ کی تسبیح سے بہتر کوئی اور تسبیح و تمجید نہیں ہے، جس سے عبادت الٰہی کی جائے کیونکہ اگر اس سے بہتر کوئی اور چیز ہوتی تو رسول خداؐ حضرت فاطمہ زہراؑ کو وہی عطا فرماتے، اس کی فضیلت میں اتنی زیادہ احادیث منقول ہیں کہ ان سب کو اس مختصر سے رسالہ میں ذکر نہیں کیا جا سکتا۔

Although traditions have not mentioned a unanimous method of Tasbeeh Zahra (s), the most famous and apparent method is as follows: Repeat the following phrase 34 times...

اس تسبیح کی کیفیت کے متعلق احادیث میں اختلاف ہے، لیکن ان میں سے زیادہ مشہور اور ظاہریہ ہے کہ ۳۴ مرتبہ۔۔۔

Free to read, copy and share

Fatima Zahra Imamia Centre
80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305

اَللّٰهُ اَكْبَرُ۔

ALLAAHU AKBAR.

Allah is Greatest.

اللہ بزرگ تر ہے۔

> Repeat the following phrase 33 times...

> پھر ۳۳ مرتبہ کہے۔۔۔

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ۔

AL-HAMDU LILLAAH.

Praise be to Allah.

حمد ہے خدا کے لیے۔

> Repeat the following phrase 33 times...

> پھر ۳۳ مرتبہ کہے۔۔۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ۔

SUBHAANA ALLAAH.

Glory be to Allah.

خدا پاک و منزہ ہے۔

Free to read, copy and share

> However, some traditions have mentioned that the last statement (SUBHAA-NALLAAH) is preceded to the second (AL-HAMDU LILLAAH). Some scholars have therefore tried to bring all the traditions to agreement, by saying that the earlier method may be said after the obligatory prayers while the latter may be said before sleep. However, the earlier method, which is the most famous, may be apparently applied before sleep and after obligatory prayers. It is a tradition (confirmedly recommended) to say the following statement after accomplishing Tasbeeh Zahra (s)...

> بعض روایات میں ''سُبحانَ اللہ'' کو ''الحَمدُ لِلّٰہ'' سے پہلے ذکر کیا گیا ہے جب کہ بعض علماء نے ان دونوں طریقوں کو اس طرح جمع کیا ہے کہ نماز کے بعد پہلے طریقہ کے مطابق پڑھے اور سونے کے وقت دوسرے طریقہ کے مطابق پڑھے اور ظاہراً دونوں صورتوں میں پہلا طریقہ ہی مشہور اور اولی ہے اور سنت ہے کہ تسبیح مکمل کرنے کے بعد ایک مرتبہ کہے۔۔۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ۔

LAA ILAAHA ILLAA ALLAAH.

There is no God save Allah.

نہیں ہے کوئی معبود سوائے اللہ کے۔

> Imam Sadiq (a) is reported to have said, “Whoever glorifies (Almighty Allah) with Tasbeeh Zahra (s) after every obligatory prayer and follows it with LAA ILAAHA ILLAL-LAAH, Almighty Allah will forgive him.”

> چنانچہ امام جعفر صادقؑ فرماتے ہیں کہ جو شخص ہر نماز کے بعد حضرت فاطمہ زہراؑ کی تسبیح پڑھے اور اس کے آخر میں لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہ کہے تو خدا اسے بخش دے گا۔

Printed from https://fzic.org/library/dua/tasbeehe-fatema-zahra-s-4051 — the devotional library of the Fatima Zahra Imamia Centre, 80 Downs Street, North Ipswich QLD 4305. Free to read, copy and share.